فوری ریلیز کے لیے: 28/11/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے لانگ آئی لینڈ میں پانی کے معیار کو بہتر بنانے اور آلودگی کو کم کرنے کے لیے $2.25 ملین کی وفاقی فنڈنگ کا اعلان کیا ہے***

***سیپٹک سسٹم کی بہتری کے کثیر سالہ پروگرامز میں مدد کے لیے لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ سٹڈی کی سرمایہ کاری***

***ریاست نے نائٹروجن کو کم کرنے کے لیے نساؤ کاؤنٹی کے واٹرشیڈ منصوبے کو حتمی شکل دے دی ہے***

***رہنے کے ماحول اور پانی کے معیار کو متاثر کرنے والی نقصان دہ آلودگی کو روکنے کے لیے خطے کی پیش رفت کی بنیاد پر کوششیں***

گورنر Kathy Hochul اور لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ سٹڈی نے آج لانگ آئی لینڈ کے شمالی ساحل کے پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے بائی پارٹیسن انفراسٹرکچر قانون (Bipartisan Infrastructure Law) کے ذریعے فراہم کردہ نئی وفاقی فنڈ میں ابتدائی $2.25 ملین کا اعلان کیا ہے، اس کے علاوہ نائٹروجن کی آلودگی کو کم کرنے میں نساؤ کاؤنٹی کی مدد کے لیے ایک اہم منصوبے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ لانگ آئی لینڈ نائٹروجن ایکشن پلان کے فریم ورک کے تحت آلودگی میں کمی لانے کے بڑے سائنسی منصوبوں اور ریاستی صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی گرانٹس کی بنیاد پر، یہ دونوں کوششیں لانگ آئی لینڈ کے پینے کے پانی اور خلیجوں کی بحالی اور حفاظت کے لیے کوششوں کو آگے بڑھانے کے لیے اضافی وسائل فراہم کریں گی۔

"یہ وفاقی فنڈنگ لانگ آئی لینڈ کی لاتعداد کمیونٹیز میں واٹر شیڈز اور سیپٹک سسٹمز کو بہتر بنائے گی، جس کے نتیجے میں ہمارے عزم کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا جائے گاکہ نیویارک کے تمام باشندوں کو محفوظ، صاف پانی تک رسائی حاصل ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "بائی پارٹیسن انفراسٹرکچر قانون کی بدولت، ہم صدر Biden اور ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی (Environmental Protection Agency) کے ساتھ کام جاری رکھیں گے کیونکہ ہماری کمیونٹیز کو درپیش پانی کے بنیادی ڈھانچے کی بڑی مشکلات سے نمٹنے اور پانی کے معیار میں بہتری لانے کے لیے اپنے مقاصد کو مزید حاصل کرنے کے لیے زیادہ وسائل دستیاب ہوں گے۔"

آج کے اعلانات اضافی نائٹروجن سے نمٹنے میں مدد کریں گے، جو کہ سمندری پانیوں میں ڈیڈ زون یا ہائپوکسیا کے علاقوں، مچھلیوں کی ممکنہ ہلاکتوں، نقصان دہ ایلگل بلومز، اور طوفان کا مقابلہ کرنے والی دلدلی زمینوں کی خرابی کا باعث بنتی ہے۔ آج اعلان کردہ $2.25 ملین، لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ اسٹڈی کے ساتھ ایک کثیر سالہ متوقع شراکت داری کی پہلی قسط ہے جو سافک اور نساؤ کاؤنٹیز میں فرسودہ سیپٹک سسٹمز کو تبدیل کرنے کے لیے دستیاب فنڈنگ میں نمایاں اضافہ کرے گی۔ پانچ سالوں کی مدت کے دوران، وفاقی بائی پارٹیسن انفراسٹرکچر قانون ( Bipartisan Infrastructure Law, BIL) کی جانب سے متوقع $8 ملین کی مدد سے ریاستی اور مقامی طور پر چلنے والے پانی کے معیار میں بہتری لانے کے کام کیے جائیں گے۔ لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ اسٹڈی، تعاون پر مبنی ایک کوشش ہے جس میں محققین، نظم و ضبط کے افراد، صارف گروپس، اور دیگر اسٹیک ہولڈرز شامل ہیں، اور امریکی ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی (Environmental Protection Agency, EPA)، نیویارک، اور کنیکٹیکٹ کی جانب سے اس کی قیادت کی جاتی ہے۔

ایک سال میں، یہ سٹڈی ریاست نیویارک کے ذریعے سافک کاؤنٹی کے اپنے پانی کی اصلاح کے اقدام ( Reclaim Our Water Initiative) اور نساؤ کاؤنٹی کے سیپٹک صفائی میں بہتری لانے کے ماحولیاتی پروگرام (. Septic Environmental Program to Improve Cleanliness, S.E.P.T.I.C) کو $2.25 ملین کی گرانٹ فراہم کرے گی۔ سیپٹک سسٹم گرانٹ پروگرامز کے ذریعے گھریلو مالکان کے سیس پولز اور ناکام یا ناکافی سیپٹک سسٹمز کی تبدیلی کے لیے ان کو حوصلہ افزائی اور ترغیب دلاتے ہوئے پانی کے معیار کو بہتر بنایا جاتا ہے۔ ریاست نیویارک سافک اور نساؤ کاؤنٹیز کو فنڈز فراہم کرے گی تاکہ اہل مکان مالکان کو سیس پُولز اور ناکافی سیپٹک سسٹمز کی تبدیلی اور زیادہ ماحول دوست نظاموں کی تنصیب کی لاگت کے کچھ حصے کی واپس ادائیگی کی جائے۔ گھریلو مالکان ریاست اور کاؤنٹی دونوں پروگرامز سے فنڈز حاصل کر سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں کم از کم $20,000 گرانٹ حاصل ہوتی ہے تاکہ زیادہ ماحولیاتی طور پر موثر نظام نصب کیے جا سکیں جو روایتی سیپٹک نظام کی نسبت زیادہ نائٹروجن صاف کرتے ہیں۔

**محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ اسٹڈی کے ساتھ نیویارک کی دیرینہ شراکت داری، جو کہ صدر Biden، EPA ایڈمنسٹریٹر Regan، اور ہمارے کانگریسی وفد کی وفاقی ماحولیاتی معیار اور ماحولیاتی سرمایہ کاریوں کی حمایت سے تقویت یافتہ ہے، مسلسل سودمند ثابت ہو رہی ہے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے فنڈنگ کے اس امتزاج کے ذریعے، ہمارے لئے ممکن ہو گا کہ پانی کے معیار اور اپنے ماحول کی حفاظت کے لیے سیپٹک سسٹمز کی تنصیب کو تیز کر دیں اور نساؤ کاؤنٹی کے ساتھ کئی طریقوں سے پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اپنا کام جاری رکھیں۔ لانگ آئی لینڈ میں پانی کے معیار کے مسائل سنگین ہیں اور اضافی فنڈنگ حاصل کرنے کے لیے ریاست کی کوششیں گورنر Hochul اور DEC کے عزم کو ظاہر کرتی ہیں کہ پانی کے معیار کے مسائل کو حل کرنے اور مزید صحت مند کمیونٹیز بنانے کے لیے مقامی حکومتوں کی قیادت میں سرمایہ کاری جاری رکھی جائے۔"

**امریکی ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی خطہ 2 کی ایڈمنسٹریٹر Lisa F. Garcia نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ اور اس کے نواحی آبی وسائل، ملک کے سب سے زیادہ شہری آبادی والے ساحلی خطوں میں سے ایک خطے کے ساتھ رہنے والے لاکھوں لوگوں کے لیے ضروری اور اہم وسائل ہیں۔ بائی پارٹیسن قانون کے ذریعے دستیاب فنڈنگ کی بدولت، امریکی EPA پُرجوش ہے کہ ہماری ساحلی کمیونٹیز کی صحت کو مضبوط بنانے کے لیے EPA لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ اسٹڈی فنڈز کے ابتدائی $2.25 ملین کی رہنمائی کرنے جا رہی ہے۔ EPA کی فنڈنگ سرسبز بنیادی ڈھانچے، چشمے کے کنارے اور ساحل کی بحالی، اور نائٹروجن آلودگی کو کم کرنے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز کے ساتھ سیپٹک سسٹمز کو اپ ڈیٹ کرنے میں مدد کرے گی۔"

**امریکی ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ آفس کے ڈائریکٹر Mark Tedesco نے کہا،** "ساؤنڈ میں نائٹروجن آلودگی کو کم کرنا LISS کا ایک دیرینہ ہدف رہا ہے۔ ہم صحت مند ماحول کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے مقامی کمیونٹیز کے ساتھ براہ راست کام کر کے یہ اگلا قدم اٹھانے کے لیے پُرجوش ہیں۔"

DEC نے حال ہی میں نائٹروجن کے لیے نساؤ کاؤنٹی کے نو اہم عنصری منصوبے کی منظوری دی ہے۔ یہ منصوبہ نساؤ کاؤنٹی کے ارد گرد زیر زمین پانی اور خلیج کی شکل میں جمع ہونے والے پانی کے معیار کی بحالی اور حفاظت کے لیے کوششوں کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے۔ لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ اسٹڈی کے ذریعے اس کی ترقی میں جزوی طور پر مالی اعانت فراہم کی گئی تھی اور یہ نساؤ کاؤنٹی، DEC، اور اسٹونی بروک یونیورسٹی ( Stony Brook University) کے سکول برائے آب و ہوا اور سمندری علوم ( School of Atmospheric and Marine Sciences, SoMAS) کے درمیان ایک اشتراک ہے۔ اس کے نتیجے میں نساؤ کاؤنٹی کے اندر اور اس کے آس پاس کے آبی وسائل میں داخل ہونے والی نائٹروجن کی مقدار کو کم کرنے کا سائنس پر مبنی منصوبہ سامنے آیا ہے۔ سافک کاؤنٹی نے 2021 میں اسی طرح کا ایک "نو عنصری منصوبہ" مکمل کیا ہے۔

نساؤ کاؤنٹی کا نو عنصری منصوبہ، نائٹروجن کے ذرائع کی شناخت کرتا ہے اور مقدار بتاتا ہے اور نائٹروجن میں ہونے والی تبدیلیوں کا تعین کرنے کے لیے آلات کا استعمال کرتا ہے جس کا انحصار انتظامی طریقوں پر ہے۔ یہ منصوبہ متعدد بہترین انتظامی طریقوں اور اقدامات کی سفارش کرتا ہے جنہیں نائٹروجن میں کمی کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے لاگو کیا جا سکتا ہے، جس میں دوسری چیزوں سمیت، گھروں اور کاروباروں کو عوامی گٹروں سے

جوڑنا، کھاد کے استعمال کو کم کرنا، اور ناکارہ سیپٹکس کو جدت آمیز متبادل آن سائٹ ٹریٹمنٹ سسٹمز کے ساتھ تبدیل کرنا شامل ہے۔

اس منصوبے میں دو ایسی کارروائیاں شامل ہیں جن پر اس وقت عمل کیا جا رہا ہے جو کہ نائٹروجن کی کافی مقدار کو ساحل کے قریب خارج ہونے سے روک دیں گی: بے پارک تحویلی پروجیکٹ (Bay Park Conveyance Project) اور لانگ بیچ تبدیلی پروجیکٹ (Long Beach Diversion Project)۔ بے پارک تحویلی پروجیکٹ DEC اور نساؤ کاؤنٹی محکمہ برائے عوامی کام (Department of Public Works) کے درمیان ایک شراکت داری ہے تاکہ لانگ آئی لینڈ کی مغربی خلیجوں میں پانی کے معیار کو بہتر بنایا جا سکے اور اس کے گندے پانی کے انتظام کے موجودہ بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کیا جا سکے۔ یہ جنوبی ساحلی پانی کی اصلاحی سہولت گاہ (جو پہلے بے پارک سیویج ٹریٹمنٹ پلانٹ کے نام سے معروف تھی) سے صاف شدہ پانی کی ترسیل کرے گی، جو فی الحال اوسطاً 50 ملین گیلن روزانہ صاف شدہ پانی کو ریناالڈز چینل میں، سیڈر کریک واٹر پلوشن کنٹرول پلانٹ (Water Pollution Control Plant, WPCP) کے تین میل سمندری آؤٹ فال پائپ میں خارج کرتی ہے اس طرح ریناالڈز چینل میں اخراج ہونے کو روکتی ہے۔ لانگ بیچ گندے پانی کا تحویلی پروجیکٹ لانگ بیچ گندے پانی کے ٹریٹمنٹ پلانٹ کو پمپ اسٹیشن میں تبدیل کر دے گا۔ گندے پانی کو پمپ اسٹیشن سے صفائی کے لیے جنوبی ساحلی پانی کی اصلاحی سہولت گاہ تک پمپ کیا جائے گا۔ مزید برآں، جنوبی ساحلی پانی کی اصلاحی سہولت گاہ، طوفان سے مزاحمت رکھنے والے ایک مکمل اپ گریڈ سے مطابقت رکھتی ہے جو مقامی شرح ادا کرنے والوں یا نساؤ کاؤنٹی کو بغیر کسی خرچ کے فراہم کی گئی ہے۔

**سینیٹر Chuck Schumer نے کہا،** "میں نے طویل عرصے سے لانگ آئی لینڈ کے ماحول اور پینے کے پانی کے آبی ذخیرے کے واحد ذریعے کو نائٹروجن آلودگی کی لعنت سے بچانے کے لیے جدوجہد کی ہے۔ میں نیویارک کے تمام علاقوں میں ریکارڈ وفاقی فنڈنگ واپس لایا ہوں، جس میں پینے اور گندے پانی کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے لیے فنڈنگ شامل ہے، اور میں اس وفاقی فنڈ کا زیادہ تر حصہ سیور کی توسیع اور سافک کاؤنٹی کے سیپٹک امپرووومنٹ پروگرام کے لیے وقف کرنے پر گورنر Hochul اور کاؤنٹی ایگزیکٹو Bellone کی تعریف کرتا ہوں۔ فیڈرل فنڈز میں مزید $2.25 ملین کو مختص کرنا، لانگ آئی لینڈ کی آبی گزرگاہوں کو محفوظ رکھنے اور صحت عامہ کو یقینی بنانے کی کوشش کے لیے بازو میں لگنے والے ٹیکے کی مانند ہے۔"

**نساؤ کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Bruce Blakeman نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ پر آبی گزرگاہوں کی حفاظت کے لیے ان وفاقی فنڈز کو اچھے طریقے سے استعمال میں لانے کے لیے مجھے گورنر Hochul کے ساتھ شراکت داری کرنے پر بےحد خوشی ہو رہی ہے۔ میں سینیٹر Schumer اور اپنے دیگر وفاقی حکام کی مدد کو بھی سراہتا ہوں جنھوں نے ان انتہائی ضروری فنڈز کو حاصل کرنے میں مدد کی ہے۔"

**سافک کاونٹی کے ایگزیکٹو Steve Bellone نے کہا،** "جب میں نے دفتر سنبھالا تو میں نے اپنے پانی کے لیے نائٹروجن کو عوامی دشمن نمبر ایک قرار دیا۔ تب سے، ہم نے زبردست پیش قدمی کی ہے جس میں سافک کاؤنٹی کے اپنے پانی کی اصلاح کے اقدام کی انجام دہی شامل ہے، جس سے ہمارے آبی راستوں میں نائٹروجن کی مقدار کو نمایاں طور پر کم کرنے میں مدد ملی ہے۔ میں ریاست نیویارک کی مسلسل حمایت پر اور آنے والی نسلوں کے لیے لانگ آئی لینڈ کے پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے فنڈز فراہم کرنے میں مدد کرنے پر ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔"

**اسٹونی بروک یونیورسٹی میں سکول برائے سمندری اور آب و ہوا کے علوم (School of Marine and Atmospheric Sciences, SoMAS) کے اندر پروفیسر ڈاکٹر Christopher Gobler نے کہا،** "یہ کارروائی اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ ریاست نیویارک اپنی سب سے قیمتی شے: صاف پانی میں سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ یہ پروجیکٹس لانگ آئی لینڈ کے پینے کے پانی کی فراہمی کو تحفظ دیں گے جبکہ سطح کے پانیوں اور منسلکہ سمندری اور تازہ پانی کی ماہی گیری اور مسکنوں کی بھی حفاظت کریں گے۔ جب کہ لانگ آئی لینڈ پر پینے کے پانی اور سطحی پانی کا معیار کئی دہائیوں سے گر چکا تھا، لیکن ریاست نیویارک کی طرف سے گزشتہ کئی سالوں کے دوران کی گئی کوششوں اور اس عمل نے اجتماعی طور پر لانگ آئی لینڈ کے موجودہ شہریوں اور آنے والی نسلوں کے فائدے کے لیے ان رجحانات کو تبدیل کرنا شروع کر دیا ہے۔"

**ماحولیات کی شہری تحریک کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Adrienne Esposito نے کہا،** "فنڈنگ کا یہ نیا ذریعہ نائٹروجن آلودگی سے لڑنے اور لانگ آئی لینڈ ساؤنڈ میں پانی کے معیار کو بہتر بنانے کی جنگ میں حاصل ہونے والی ایک اور فتح ہے۔ ہائپوکسیا، ریڈ ٹائڈ، زنگ آلود ٹائڈ اور مچھلیوں کی ہلاکت کا تعلق ضرورت سے زیادہ نائٹروجن آلودگی سے ہے۔ روایتی سیپٹکس کو نئی ٹیکنالوجی سے تبدیل کرنا جو ہمارے سیویج کو صاف کرتا ہے، ہمارے ساحلوں، خلیجوں اور بندرگاہوں کی حفاظت ممکن بنائے گا۔ پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بے مثال ریاستی اور وفاقی سرمایہ کاریوں سے ہماری کمیونٹیز کو دیرپا مقامی فوائد فراہم کیے جائیں گے۔ ہم اپنے ریاستی اور وفاقی رہنماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے صاف پانی کی حمایت کی قیادت کی ہے۔"

**دی نیچر کنزرونسی (The Nature Conservancy) کے لانگ آئی لینڈ پالیسی کے مشیر Kevin McDonald نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ پر صاف پانی اور صحت مند ساحلوں کی بحالی میں تیزی لانے کے لیے اہم نئے وسائل وقف کرنے پر دی نیچر کنزرونسی، گورنر Hochul کو سراہتی ہے۔ روایتی سیپٹک نظاموں سے ہونے والی نائٹروجن آلودگی، جنگلی حیات کو نقصان پہنچاتی ہے، ساحلوں کو بند کر دیتی ہے، اور ہماری معیشت، صحت اور طرز زندگی کو خطرے میں ڈالتی ہے۔ دی نیچر کنزرونسی اس کوشش کے بہت سے رہنماؤں کا شکریہ ادا کرتی ہے اور پورے جزیرے میں ان اہم تحفظاتی سرمایہ کاریوں کی حمایت اور اضافے کو جاری رکھنے کی منتظر ہے۔"

ریاست نیویارک سے پانی کے معیار کے بنیادی ڈھانچے کی ریکارڈ فنڈنگ کے ذریعے بھی سیپٹک تبدیلی کی حمایت جاری ہے۔ ابھی حال ہی میں، گورنر Kathy Hochul نے 30$ ملین کا اعلان کیا ہے جو ریاست کے سیپٹک تبدیلی پروگرام کی جانب سے ہیں - جن میں سے 22$ ملین لانگ آئی لینڈ کے پروجیکٹس میں جائیں گے - تاکہ خطے میں اور ریاست بھر میں پانی کے معیار میں واضح نقائص پیدا کرنے والے ہزاروں غیر معیاری یا ناکام سیپٹک سسٹمز اور سیسپُولز کو ٹھیک کرنے میں مدد کی جائے۔ 2022-23 کے ریاستی بجٹ نے، صاف پانی، صاف ہوا، اور گرین جابز ماحولیاتی بانڈ ایکٹ (Clean Water, Clean Air, and Green Jobs Environmental Bond Act) کے ایک تاریخی سنگِ میل کے لیے کل 4.2$ بلین کے لیے، اضافی 1.2$ بلین کی منظوری دی ہے۔ نیو یارک کے ووٹروں کی طرف سے بھاری اکثریت سے منظور شدہ یہ تاریخی اقدام، پسماندہ کمیونٹیز میں وسائل کے، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد سرمایہ کاری کرتے ہوئے، پانی کے پرانے ہوتے ہوئے بنیادی ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرے گا، اور پانی کے معیار کی حفاظت کرے گا؛ ہوا کی آلودگی کو گھٹائے گا اور ماحول میں تبدیلی لانے والے اخراجوں میں کمی کرے گا؛ مسکنوں کو بحال کرے گا؛ کمیونٹیز کی شدید طوفانوں اور سیلابوں کا سامنا کرنے کی صلاحیت کو مضبوط کرے گا؛ کھلی جگہوں اور مقامی کھیتوں کو محفوظ کرے گا؛ اور مساوات کو یقینی بنائے گا۔

اس بجٹ میں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے 500$ ملین کی ایک اور فنڈنگ بھی شامل ہے، جس سے 2017 کے بعد سے ریاست کی صاف پانی میں کی گئی سرمایہ کاری 4.5$ بلین تک پہنچ جاتی ہے۔ اس بجٹ میں موسمیاتی تبدیلیوں کو کم کرنے اور موافقت کی کوششوں میں معاونت کرنے، مستحکم زراعت کو فروغ دینے کے لیے زرعی وسائل کو بہتر بنانے، ہمارے آبی ذرائع کی حفاظت کرنے، تحفظ کی کوششوں کو آگے بڑھانے، اور نیویارک کے باشندوں کے لیے تفریحی مواقع فراہم کرنے کے لیے ماحولیاتی تحفظ کا ایک ریکارڈ 400$ ملین ماحولیاتی تحفظ کا فنڈ بھی فراہم کیا گیا ہے۔

سیپٹک فنڈنگ گرانٹ پروگرامز اور نو عنصری منصوبہ، ایک بڑے لانگ آئی لینڈ نائٹروجن ایکشن پلان، یا LINAP کا حصہ ہیں، جو DEC، لانگ آئی لینڈ علاقائی منصوبہ بندی کونسل، اور سافک اور نساؤ کاؤنٹیز کے درمیان ایک شراکت داری ہے تاکہ جزیرے پر نائٹروجن میں کمی کی کوششوں کو مربوط کیا جائے۔ LINAP کو زمینی اور سطحی پانیوں میں اضافی نائٹروجن داخل ہونے کی وجہ سے پانی کے دستاویز بند معیار کے مسائل کے جواب میں تیار کیا گیا تھا اور اس کے ذریعے نائٹروجن کے ذرائع کو بہتر طور پر سمجھنے اور ان ذرائع کو کم کرنے کے بہترین طریقے سے اہم پیش رفت کی گئی ہے۔

اپنے پانی کی اصلاح کے اقدام کے سیپٹک پروگرام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ای میل کریں: septicdemo@suffolkcountyny.gov۔ نساؤ کاؤنٹی کے سیپٹک صفائی میں بہتری لانے کے لیے ماحولیاتی پروگرام (SEPTIC) پروگرام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے یہاں ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: https://www.nassaucountyny.gov/5191/Nassau-Septic۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418